**Hackensack Meridian *Health* at Home**

منتقلی اور ڈسچارج کی پالیسی

**<u>منتقلی:</u>** جب کسی مریض کی ضروریات میں قابل قدر تبدیلی واقع ہو، اور تنظیم اس کی حسب ضرورت دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہو، تو اسے کسی دوسرے فراہم کنندہ کی جانب منتقل کیا جائے گا یا ریفرل فراہم کیا جائے گا۔ جب مریض کی دیکھ بھال کا پلان بدل جائے جس کے نتیجے میں منتقلی یا ریفرل ہو تو مریض، اس کے نمائندے اور اس کے بنیادی ڈاکٹر کو مطلع کیا جائے گا اور منصوبہ بندی کے فیصلوں میں شامل کیا جائے گا۔

***منتقلی یا ریفرل کا معیار***

کسی مریض کو فراہم کی جانے والی گھر میں صحت کی خدمات کو بغیر کسی ٹھوس وجہ کے ختم نہیں کیا جائے گا۔
مریض کو صرف مندرجہ ذیل وجوہات کی بناء پر منتقل کیا جاسکتا ہے یا ریفرل فراہم کیا جاسکتا ہے:

- حالت میں ایسی تبدیلی جس کے باعث ہنگامی دیکھ بھال، ہسپتال میں داخلہ یا متبادل دیکھ بھال کے ماحول میں رکھنے کی ضرورت پیدا ہو۔
- حالت میں ایسی تبدیلی جس کے باعث ایسی خدمات کی ضرورت پیدا ہو جو اس وقت تنظیم کی فراہم کردہ خدمات کے دائرے سے قاصر ہیں۔
- مریض اس علاقے سے منتقل ہوتا ہے جس میں تنظیم خدمات فراہم کررہی ہو۔
- تنظیم کسی مخصوص خدمات کو ختم کررہی ہو یا مزید فراہم نہ کررہی ہو۔
- مریض یا/اور نگہداشت کنندہ گھر میں صحت کی دیکھ بھال کے کسی دوسرے فراہم کنندہ کے لئے منتقلی کی درخواست کرتا ہے۔

**<u>ڈسچارج:</u>** اگر مریض کی دیکھ بھال کے پلان میں تبدیلی ہو، جس کی وجہ سے اسے ڈسچارج کیا جائے یا خدمات میں کمی کی جائے، تو مریض، اس کے نمائندے اور اس کے بنیادی ڈاکٹر کو مطلع کرکے منصوبہ بندی کے فیصلوں میں شامل کیا جائے گا۔

***تعریفیں***

*<u>منسوخی/ڈسچارج</u>* تنظیم کی جانب سے تمام خدمات موقوف۔
*<u>خدمات میں کمی:</u>* مریض کی خدمات کے پلان میں تبدیلی جس میں ایک (1) یا ایک سے زیادہ خدمات کو موقوف کردیا جائے۔

***ڈسچارج یا خدمات میں کمی کے معیارات: خدمات کو اس صورت میں ختم کردیا جائے گا جب مریض ڈسچارج کے ایک (1) یا ایک سے زیادہ معیار پر پورا اترے:***

- مریض کے طبی یا علاج کے منصوبے میں ایسی تبدیلی واقع ہو جس میں مریض کی ضروریات ایجنسی کی قابلیت سے تجاوز کرتی ہوں۔
- مریض کی حالت میں ایسی تبدیلی واقع ہو جس کے لئے ایسی دیکھ بھال یا خدمات کی ضرورت ہو جو تنظیم کی فراہم کردہ خدمات سے مختلف ہوں۔
- اگر مناسب ہو تو گھر میں صحت کی دیکھ بھال کے اہداف پورے ہوچکے ہوں یا انہیں مزید پورا نہ کیا جاسکے۔
- معاونتی/کسٹوڈیل دیکھ بھال فراہم کرنے کے لئے کوئی موجود نہ ہو۔
- مریض یا گھر والے/ نگہداشت کنندہ دیکھ بھال سے انکار کردے یا موقوف کردے۔
- مریض یا اس کے گھر والے/نگہداشت کنندہ، گھر میں صحت کی دیکھ بھال کے اہداف کے حصول میں تعاون کرنے سے انکار کریں۔
- گھر کے حالات مریض یا تنظیم سے تعلق رکھنے والے عملے کے لئے محفوظ نہیں ہوں۔
- گھر والوں/نگہداشت کنندہ کو دیکھ بھال کی ذمہ داری اٹھانے کے لئے تیار کردیا گیا ہے اور وہ اس کی صلاحیت رکھتا ہے۔
- مریض اس علاقے سے منتقل ہوتا ہے جس میں تنظیم خدمات نہیں فراہم کرتی ہے، یا وہ کسی ان پیشنٹ سہولت میں رہائش اختیار کرلیتا ہے، جہاں گھر کے ماحول میں واپسی کے متعلق کوئی پیش آگاہی نہ ہو۔
- مریض کا ڈاکٹر (یا دیگر مجاز لائسنس یافتہ آزاد پریکٹیشنر) آرڈر کی تجدید کرنے میں ناکام رہا ہو، یا مریض نے

ڈاکٹر تبدیل کیا ہے اور مریض کی ضروریات کے تعاون کے لئے نئے ڈاکٹر (یا دیگر مجاز لائسنس یافتہ آزاد پریکٹیشنر) سے آرڈر حاصل نہیں کئے جاسکتے ہیں۔

- ڈاکٹر (یا دیگر مجاز لائسنس یافتہ آزاد پریکٹیشنر) ایسے آرڈر دیتا ہے جو قانون کے مطابق تشخیص کے مطابق نہ ہوں، اور جب تنظیم درخواست کرتی ہے تو مطلوبہ آرڈر دینے میں ناکام ہوتا ہے۔
- ابتدائی سرٹیفیکیشن سے پہلے ڈاکٹر کے ساتھ آمنے سامنے ملاقات نہ مکمل کی گئی ہو، یا اگر مریض یا گھر والے/ نگہداشت کنندہ، دیکھ بھال شروع ہونے کے 30 روز کے اندر ڈاکٹر سے آمنے سامنے ملاقات کرنے سے انکار کردیتے ہیں۔
- تنظیم کوئی مخصوص خدمات یا اپنی تمام خدمات ختم کررہی ہے یا ایسا عملہ فراہم کرنے سے قاصر ہے جس کے پاس مریض کی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیتیں موجود ہوں۔
- مریض کا انتقال ہوجائے۔
- مریض خود یا کسی تیسرے فریق کے ذریعے خدمات کی ادائیگی نہیں کرنا چاہتا ہے یا کرنے سے قاصر ہے۔
- مریض ادائیگی کرنے والے فریق کے کوریج کے معیار پر مزید پورا نہیں اترتا ہے اور خدمات کے لئے پرائیویٹ ادائیگی کرنے سے انکار کردیتا ہے۔
- مریض امتیازی سلوک کی بنیادوں پر کسی ملازم کے تقرر کو قبول نہ کرے۔
- مریض یا گھر کا کوئی فرد کلینیشن کو ممنوعہ ایذا دہی کا نشانہ بنائے۔
- ایجنسی بند ہوجائے۔